| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 4، دن: 1 | اُستاد کا نام: ____________ |

| سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights) | باب اوّل: شہریت (Citizenship) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آج کل کی مہذب دنیا میں روزمرہ کے آداب (Daily Etiquettes) پہچان سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے گزشتہ سبق کے بارے میں پوچھیں:

  الف: امن اور ہم آہنگی سے کیا مراد ہے؟ ب: کسی بھی تنازع سے کیا مراد ہے؟
- ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 8 کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں گھر میں ان کی سب سے زیادہ کون پسند ہے اور کن خاصیتوں کی وجہ سے پسند ہے؟
- ان سے پوچھیں ایک اچھا طالب علم بننے کے لیے آپ کن آداب کا خیال رکھتے ہیں؟
- ان سے جوابات لیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح بھی کریں۔
- انھیں بتائیں ایک اچھا انسان اپنی روزمرہ زندگی میں ہمیشہ آداب کا خیال رکھتا ہے ہمیں بھی ان آداب کو اپنی زندگی کا لازمی جزو بنالینا چاہیے۔
- بورڈ پر آداب لکھیں:
  - جب کسی سے ملیں تو السلام علیکم کہیں۔
  - نرم لہجے میں بات کریں۔
  - سب کے ساتھ عزت سے پیش آئیں۔
  - بولنے سے پہلے سوچیں۔

- دوسروں کی مدد کریں۔
- بزرگوں کا احترام کریں اور ان کا کہا مانیں۔
- روزمرہ زندگی میں ایمان داری سے کام لیں۔

- طلبہ کو بتائیں ان آداب کا خیال رکھنے سے ہی ہم مہذب شہری کہلا سکتے ہیں اور معاشرے میں امن قائم رہ سکتا ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

سبق کے اہم نکات کا جائزہ لے سکیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

سوال نمبر 5 کی سرگرمی کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت کا کام دہرائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 4، دن: 2 | اُستاد کا نام: ____________ |

| سبق کا نام: ہمارا رہن سہن (Our Way of Life) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قوم پرستی (Nationalism) کی تعریف اور وضاحت کر سکیں اور بتا سکیں کہ کیسے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہتے ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

**تحریکی سرگرمی:** **5منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے پوچھیں:

آپ کس ملک کے شہری ہیں؟ ____________________

آپ کا قومی لباس کیا ہے؟ ____________________

آپ کی قومی زبان کون سی ہے؟ ____________________

- ان کے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔
- انھیں بتائیں آج ہم قوم پرستی کے بارے میں پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25منٹ**

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 11 کا متن پڑھوائیں۔
- انھیں بتائیں معاشرے میں زندگی بسر کرنے کے لیے ہماری مختلف ضروریات ہیں۔ ان ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ہم ایک دوسرے پر انحصار کرتے ہیں۔
- اپنی ضروریات زندگی کے حصول کے لیے دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنے سے معاشرہ قائم ہوتا ہے۔
- پاکستان بھی ایک کثیر الثقافتی معاشرہ ہے۔ یہاں مختلف خیالات اور نظریات و عقائد کے لوگ مل جل کر رہتے ہیں اور باہم مل کر ایک قوم بناتے ہیں۔

- قوم (Nation) لاطینی زبان کے لفظ (Natio) نیشو سے ماخوذ ہے جس کے معنی پیدائش کے ہیں۔ لہٰذا قوم پرستی اپنائیت کے ایسے جذبے کا نام ہے جو افراد کے مابین رنگ، نسل، مذہب یا رسم و رواج کی بنا پر پیدا ہوتا ہے۔
- انھیں بتائیں ہم پاکستانی قوم ہیں اور ہمیں پاکستانی ہونے پر فخر ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

الف: قوم سے کیا مراد ہے؟ ب: قوم پرستی کسے کہتے ہیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت کا کام دہرائیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____________ | ہفتہ: 4، دن: 3 | تاریخ: ____________ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ثقافت (Culture) | سبق کا نام: ہمارا رہن سہن (Our Way of Life) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان میں رہنے والے متنوع ثقافتی گروہوں کی نشان دہی کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے پوچھیں:

الف: قوم پرستی سے کیا مراد ہے؟

ب: قوم پرستی کے جذبے کو فروغ دینے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

- طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 11 تا 12 ''ثقافت'' اور ''پاکستان میں ثقافتی تنوع'' کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ثقافت عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنٰی تہذیب یا طرزِ زندگی کے ہیں۔ ''ثقافت کسی معاشرے کے ہر قسم کے رسم و رواج، علوم و فنون، عقائد و نظریات کے مجموعے کا نام ہے۔''
- پاکستان میں مختلف ثقافتی گروہ آباد ہیں۔ مجموعی طور پر پاکستانی قوم کی ثقافت میں زیادہ فرق نہیں پایا جاتا۔ تاہم آب و ہوا اور زمینی خدوخال کے فرق کی وجہ سے کچھ ثقافتی تنوع پایا جاتا ہے۔
- اس لحاظ سے ملک میں چھے بڑے ثقافتی گروہ آباد ہیں۔ جن میں پنجابی، سندھی، بلوچی، کشمیری، پختون، گلگتی اور بلتی شامل ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں یہ تمام ثقافتیں ملک بھر میں مخلوط طور پر پائی جاتی ہیں البتہ ہر ایک کا اپنا مرکزی علاقہ بھی ہے۔
- انھیں بتائیں ثقافتی لحاظ سے پاکستان کو دنیا کا بہترین ملک شمار کیا جاتا ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراًاعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

سوال نمبر 1 کے پہلے دو سوال طلبہ سے پوچھیں درست جوابات دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت کا کام دہرائیں۔